# السراجیہ

## ابتدائی 40 فیصد معروضی سوالات

معلّم:

حضرت علّامہ مولانا محمّد وارث عطّاری مدَنی

درَجہ سابِعہ جامعۃ المدینہ فیضانِ مدینہ جھنگ

غلَطی پائیں تو برائے کرم مطّلع فرمائیں

0312.4254825

جزاك اللهُ خيرًا كثيرًا كثيرًا

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم و صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم

1۔ سراجیہ کے مصنّف کون ہیں؟ علامہ سراج الدین محمّد بن عبد الرشید سجاوندی حنفی

2۔ محمّد بن محمّد بن عبد الرشید کی کنیت کیا ہے؟ ابو طاہر

3۔ محمّد بن محمّد بن عبد الرشید کا لقب کیا ہے؟ سراج الدّین

4۔ محمّد بن عبد الرشید کی نسبت کس علاقے سے ہے؟ سجاوند

5۔ محمّد بن محمّد بن عبد الرشید کا سنِ وفات کیا ہے؟ 600ھ

6۔ سگے بھائی بہن کسے کہتے ہیں؟ جنکے ماں باپ 1 ہوں

7۔ سگے بھائی بہن کے مزید نام کیا ہیں؟ حقیقی بھائی بہن، عَینی بھائی بہن، بنی اَعیان

8۔ عَلّاتی بھائی بہن کسے کہتے ہیں؟ جنکا باپ 1 ہو اور ماں الگ الگ ہو

9۔ عَلّاتی بھائی بہن کے مزید نام کیا ہیں؟ باپ شریک، عِلّی، بنی عَلّات

10۔ اَخیافی بھائی بہن کسے کہتے ہیں؟ جنکی ماں 1 ہو اور باپ الگ الگ ہو

11۔ اَخیافی بھائی بہن کے مزید نام کیا ہیں؟ ماں شریک، خَیفی، بنی اَخیاف

12۔ علمِ وِراثت کی تعریف کیا ہے؟ جس علم سے میّت کے ترکے میں ہر وارث کا مکمّل حق معلوم ہو جائے

13۔ علمِ وِراثت کے مزید نام کیاہیں؟علم المیراث، علم المواریث، علم الفرائض

14۔ علمِ وِراثت جاننے والے کو کیا کہتے ہیں؟فارِض، فریض، فَرّاض، فَرَضِیّ، فرائِضِیّ

15۔ علمِ میراث کا موضوع کیاہے؟وارثین کے درمیان ترکے کی تقسیم

16۔ علمِ میراث کی غرض کیاہے؟میّت کے ترکے میں ہروارث کامکمّل حق معلوم کرنا

17۔وِراثت کے ارکان کتنے ہیں؟3

18۔وِراثت کے ارکان کونسے ہیں؟ مُورِث، وارِث، مَوروث یعنی وِراثت

19۔وِراثت کے اسباب کتنے ہیں؟3

20۔وِراثت کے اسباب کونسے ہیں؟نَسَبی قرابت، نکاحِ صحیح، وَلاء

21۔وِراثت کی شرائط کتنی ہیں؟3

22۔وِراثت کی شرائط کونسی ہیں؟ مُورِث کا مرنا، مُورِث کے مرتے وقت وارِث کازندہ ہونا، مانعِ اِرث کانہ پایاجانا

23۔وِراثت کے اصول کتنے ہیں؟3

24۔وِراثت کے اصول کونسے ہیں؟کتاب، سنّت، اِجماع

25۔ علمِ میراث کو کیا کہا گیاہے؟ نصف علم

26۔ترکِ میّت کیساتھ کتنے حقوق متعلّق ہوتے ہیں؟4

27۔ترکِ میّت کیساتھ کونسے حقوق متعلّق ہوتے ہیں؟ تجہیز و تکفین، ادائیگیِ قرض، تہائی میں وصیّت، تقسیمِ وِراثت

28۔میّت کے ترکے کی تقسیم کس وارث سے شروع ہوگی؟اصحابِ فرائض

29۔جنکا حصّہ قرآن میں مقرر ہے انکو کیا کہتے ہیں؟اصحابِ فرائض

30۔اصحابِ فرائض نہ ہوں تو کس کو حصّہ ملے گا؟نسبی عصبہ کو

31۔ نسبی عصبہ نہ ہوں تو کس کو حصّہ ملے گا؟سببی عصبہ کو

32۔ سببی عصبہ نہ ہوں تو کس کو حصّہ ملے گا؟سببی عصبہ کے مذکر عصبات کو

33۔میِّت کے دونوں قسم کے عصبات نہ ہوں تو کس کو دوبارہ حصّہ ملے گا؟اصحابِ فرائض کو

34۔ ذَوِی الفُروض اور عصبات کے علاوہ باقی تمام نسبی رشتہ داروں کو کیا کہتے ہیں؟ذَوِی الاَرحام

35۔ذَوِی الاَرحام نہ ہوں تو کس کو حصّہ ملے گا؟ مَولی المُوالات

36۔ مَولی المُوالات نہ ہو تو کس کو حصّہ ملے گا؟مُقَرّلَہ بالنِّسَب علی الغیر

37۔ مُقَرّلَہ بالنِّسَب علی الغیر نہ ہو تو کس کو حصّہ ملے گا؟مُوصٰی لَہ بجمیع المال

38۔ مُوصٰی لَہ بجمیع المال نہ ہو تو میِّت کا ترکہ کس کو دیا جائے گا؟بیت المال

39۔مانعِ اِرث کتنے ہیں؟4

40۔مانعِ اِرث کونسے ہیں؟غلامی، قتلِ مُورِث،اختِلافِ دِینَین،اختِلافِ دارَین

41۔مُلک کس کے بدلنے کیساتھ تبدیل ہو جاتا ہے؟فوج اور بادشاہ

42۔ قرآن کریم میں مقرّر حصّے کتنے ہیں؟6

43۔ قرآن کریم میں مقرّر حصّے کونسے ہیں؟نصف یعنی آدھا،رُبُع یعنی چوتھائی، ثُمُن یعنی آٹھواں،ثُلُثان یعنی 2تہائی، ثُلُث یعنی 1تہائی،سُدُس یعنی چھٹا حصّہ

44۔ قرآن کریم میں مقرّر حصّوں کے کل وارِثین کتنے ہیں؟12

45۔ قرآن کریم میں مقرّر حصّوں کے کل کتنے مرد وارِث ہیں؟4

46۔ قرآن کریم میں مقرّر حصّوں کے کونسے مرد وارِث ہیں؟باپ، صحیح دادا، شوہر، اخیافی بھائی

47۔ قرآن کریم میں مقرّر حصّوں کے کل کتنی عورتیں وارِث ہیں؟8

48۔ قرآن کریم میں مقرّر حصّوں کے کونسی عورتیں وارِث ہیں؟بیوی، بیٹی، پوتی، ماں، جدّۂِ صحیحہ یعنی دادی و نانی، حقیقی بہن، علاتی بہن، اخیافی بہن

49۔باپ کے احوال کتنے ہیں؟3

50۔ میّت نے بیٹا یا پوتا چھوڑا تو باپ کو کتنا حصّہ ملے گا؟1/6

51۔ میّت نے بیٹی یا پوتی چھوڑی تو باپ کو کتنا حصّہ ملے گا؟1/6 اور عصبہ

52۔ میّت نے بیٹا، بیٹی، پوتا، پوتی نہ چھوڑے تو باپ کو کتنا حصّہ ملے گا؟ صرف عصبہ

53۔ صحیح دادا کے احوال کتنے ہیں؟4

54۔ میّت کے باپ کی موجودگی میں دادا کو کتنا حصّہ ملے گا؟ محروم ہو گا

55۔ماں شریکی اولاد کے احوال کتنے ہیں؟3

56۔ماں شریکی اولاد 1 ہو تو کتنا حصّہ ملے گا؟1/6

57۔ماں شریکی اولاد 1 سے زیادہ ہوں تو کتنا حصّہ ملے گا؟1/3

58۔ خاوند کے احوال کتنے ہیں؟2

59۔اولاد ہو تو خاوند کو کتنا حصّہ ملے گا؟1/4

60۔اولاد نہ ہو تو خاوند کو کتنا حصّہ ملے گا؟نصف

61۔بیوی کے احوال کتنے ہیں؟2

62۔اولاد ہو تو بیوی کو کتنا حصّہ ملے گا؟1/8

63۔اولاد نہ ہو تو بیوی کو کتنا حصّہ ملے گا؟1/4

64۔بیٹی کے احوال کتنے ہیں؟3

65۔بیٹی صرف 1 ہو تو کتنا حصّہ ملے گا؟نصف

66۔بیٹیاں 1 سے زیادہ ہوں تو کتنا حصّہ ملے گا؟2/3

67۔بیٹی کیساتھ بیٹا ہو تو بیٹی کو کتنا حصّہ ملے گا؟عصبہ

68۔پوتی کے احوال کتنے ہیں؟6

69۔پوتی صرف 1 ہو تو کتنا حصّہ ملے گا؟نصف

70۔پوتیاں 1 سے زیادہ ہوں تو کتنا حصّہ ملے گا؟2/3

71۔پوتی کیساتھ 1 بیٹی ہو تو پوتی کو کتنا حصّہ ملے گا؟1/6

72۔پوتی کیساتھ 2 بیٹیاں ہوں تو پوتی کو کتنا حصّہ ملے گا؟محروم

73۔دو بیٹیوں اور پوتی کیساتھ پوتا یا پرپوتا ہو تو پوتی کو کتنا حصّہ ملے گا؟عصبہ

74۔پوتی کیساتھ 1 بیٹا ہو تو پوتی کو کتنا حصّہ ملے گا؟محروم

75۔ حقیقی بہن کے احوال کتنے ہیں؟5

76۔ حقیقی بہن صرف 1 ہو تو کتنا حصّہ ملے گا؟ نصف

77۔ حقیقی بہن 1 سے زیادہ ہوں تو کتنا حصّہ ملے گا؟3 / 2

78۔ حقیقی بہن کیساتھ حقیقی بھائی ہو تو حقیقی بہن کو کتنا حصّہ ملے گا؟ عصبہ

79۔ حقیقی بہن کیساتھ بیٹیاں یا پوتیاں ہوں تو حقیقی بہن کو کتنا حصّہ ملے گا؟ عصبہ

80۔ حقیقی بہن کیساتھ دادا، باپ، بیٹا یا پوتا ہو تو حقیقی بہن کو کتنا حصّہ ملے گا؟ محروم

81۔باپ شریکی یعنی علاتی بہن کے احوال کتنے ہیں؟7

82۔علاتی بہن صرف 1 ہو تو کتنا حصّہ ملے گا؟نصف

83۔علاتی بہن 1 سے زیادہ ہوں تو کتنا حصّہ ملے گا؟3 / 2

84۔علاتی بہن کیساتھ 1 حقیقی بہن ہو تو علاتی بہن کو کتنا حصّہ ملے گا؟6 / 1

85۔علاتی بہن کیساتھ 2 حقیقی بہنیں ہوں تو علاتی بہن کو کتنا حصّہ ملے گا؟ محروم

86۔علاتی بہن کیساتھ علاتی بھائی ہو تو علاتی بہن کو کتنا حصّہ ملے گا؟عصبہ

87۔علاتی بہن کو اپنے بھائی اور میّت کی بیٹی یا پوتی کے ہوتے ہوئے کتنا حصّہ ملے گا؟ عصبہ

88۔علاتی بہن کیساتھ دادا، باپ، بیٹا یا پوتا ہو تو علاتی بہن کو کتنا حصّہ ملے گا؟ محروم

89۔ماں کے احوال کتنے ہیں؟3

90۔اگر میّت کی اپنی یا اپنے بیٹے کی اولاد ہے تو ماں کو کتنا حصّہ ملے گا؟6 / 1

91۔اگر میّت کے حقیقی، علاتی یا اخیافی بھائی بہن ہوں تو ماں کو کتنا حصّہ ملے گا؟1/6

92۔اگر میّت زوج یا زوجہ ہو اور ساتھ باپ ہو تو ماں کو کتنا حصّہ ملے گا؟ثُلُثُ مابقی

93۔اگر مذکورہ تینوں صورتیں نہ ہوں تو ماں کو کتنا حصّہ ملے گا؟ثُلُثُ الکُل

94۔دادی کے احوال کتنے ہیں؟2

95۔دادی صرف 1 ہو تو کتنا حصّہ ملے گا؟1/6

96۔دادیاں 1 سے زیادہ ہوں تو کتنا حصّہ ملے گا؟تمام 1 سُدُس میں شریک ہونگیں

97۔ماں کی موجودگی میں کس دادی کو حصّہ ملے گا؟تمام دادیاں محروم ہونگیں

98۔باپ کی موجودگی میں کس دادی کو حصّہ ملے گا؟ماں کیطرف کی دادیوں کو

99۔باپ کیطرف کی دادیوں کو کیا کہتے ہیں؟اَبَوِیّات

100۔ماں کیطرف کی دادیوں کو کیا کہتے ہیں؟اُمِّیّات

101۔دادا کے ہوتے ہوئے کس دادی کو حصّہ ملے گا؟پِدری دادی کو

102۔قریب دادی کے مجوب ہونے کی بناپر بعید والی دادی کو کتنا حصّہ ملے گا؟محروم

103۔کس کے ہاں رؤس کے لحاظ سے سُدُس کو آدھا آدھا کر کے تقسیم کیا جائے گا؟امام ابو یوسف

104۔کس کے ہاں جہت کے لحاظ سے 3 حصّے کر کے تقسیم کیا جائے گا؟امام محمّد

105۔عصبہ کی اقسام کتنی ہیں؟2

106۔عصبہ کی اقسام کونسی ہیں؟نسبی عصبہ، سببی عصبہ

107۔ سببی عصبہ کتنے ہیں؟2

108۔ سببی عصبہ کونسے ہیں؟ مَولی المُوالات، مَولی العَتاقہ یعنی آزاد کرنیوالا آقا

109۔ نسبی عصبہ کتنے ہیں؟3

110۔ نسبی عصبہ کونسے ہیں؟ عصبہ بنفسہ، عصبہ بغیرہ، عصبہ مع غیرہ

111۔ جس مرد کی میّت کی جانب نسبت کرنے میں کوئی عورت داخل نہ ہووہ کیاہے؟ عصبہ بنفسہ

112۔ عصبہ بنفسہ کی کتنی اقسام ہیں؟4

113۔ عصبہ بنفسہ کی ترتیب کیاہے؟ جزءِ میّت پھر اصلِ میّت پھر جزءِ باپ پھر جزءِ دادا

114۔ حقیقی بہن جب بیٹی کیساتھ عصبہ ہوتو کس سے اَولی ہے؟ علاتی بھائی سے

115۔ جو خود عصبہ نہ ہو بلکہ دوسرا عصبہ اِسکو عصبہ بنادے وہ کیا کہلاتا ہے؟ عصبہ بغیرہ

116۔ عصبہ بغیرہ میں کتنی عورتیں ہیں؟4

117۔ بھائی کے عصبہ بننے کی وجہ سے کس عورت کو حصّہ نہیں ملے گا؟ جس عورت کا حصّہ مقرّر نہیں

118۔ جو خود عصبہ نہ ہو بلکہ دوسرے غیرِ عصبہ کیساتھ مل کر عصبہ بنےوہ کیا کہلاتا ہے؟ عصبہ مع غیرہ

119۔ آخِری سببی عصبہ کون ہے؟ مَولی العَتاقہ

120۔ تعلّقِ وَلاء کس تعلّق کیطرح ہے؟ نسب کے

121۔ کس کیلیئے وَلاء سے کوئی حصّہ نہیں؟ عورتوں کیلیئے

122۔ آزاد غلام نے اپنے آقا کا باپ اور بیٹا چھوڑا تو کن کے ہاں باپ کو سُدُس ملیگا؟ امام ابو یوسف

123۔ آزاد غلام نے اپنے آقا کا باپ اور بیٹا چھوڑا تو کن کے ہاں باپ محروم ہو گا؟ طرفین

124۔ آزاد غلام نے مَولی العَتاقہ کا دادا اور بیٹا چھوڑا تو دادا کو کتنا حصّہ ملے گا؟ محروم

125۔ کس کو خریدا جائے تو وہ آزاد ہو جاتا ہے؟ اپنے ذی رحم محرم کو

126۔مالک کیلئے کس اعِتبار سے اپنے ذی رحم محرم کی وَلاء بھی حاصل ہو گی؟ مقدارِ ملکیت کے

127۔ حَجُب کا لغوی معنیٰ کیا ہے؟ روکنا

128۔ حَجُب کی اقسام کتنی ہیں؟2

129۔ حَجُب کی اقسام کونسی ہیں؟ حَجُبِ نقصان، حَجُبِ حرِمان

130۔ حَجُبِ نقصان کی تعریف کیا ہے؟ 1 وارث دوسرے وارث کا حصّہ کم کر دے یعنی اگر یہ وارث نہ ہوتا تو دوسرا وارث زیادہ حصّہ پاتا

131۔ حَجُبِ نقصان میں کتنے افراد ہیں؟5

132۔ حَجُبِ نقصان میں کونسے افراد ہیں؟ماں،شوہر،بیوی،پوتی،اَخیافی بہن

133۔ حَجُبِ حرِمان کی تعریف کیا ہے؟ 1 وارث دوسرے وارث کو محروم کر دے یعنی اگر یہ وارث نہ ہوتا تو دوسرے کو مال میں حصّہ ملتا

134۔ حَجُبِ حرِمان میں کتنے گروہ ہیں؟2

135۔ حَجُبِ حرِمان میں کتنے افراد کسی حال میں محروم نہیں ہوتے؟6

136۔ حَجُبِ حرِمان میں کونسے افراد کسی حال میں محروم نہیں ہوتے؟ماں، باپ،شوہر،بیوی،بیٹا،بیٹی

137۔ حَجْبِ حرِمان میں جسکو کبھی حصّہ ملے کبھی نہ ملے، اسکو سمجھنے کیلئے کتنے قواعد ہیں؟2

138۔ کس کے ہوتے ہوئے اَخیافی بھائی بہن وارِث بنتے ہیں؟ماں کے ہوتے ہوئے

139۔ کس کے ہاں محروم حاجِب نہیں بنتا؟احناف

140۔ کس کے ہاں محروم حَجْبِ نقصان کیساتھ حاجِب ہو گا؟ابنِ مسعود رضی اللہعنہ

141۔ کس کے ہاں مجحوب حاجِب بنتاہے؟تمام کے ہاں

142۔باپ کے ہوتے ہوئے 2یا2 سے زائد حقیقی بھائی بہن کو کتنا حصّہ ملے گا؟محروم

143۔دو یادو سے زائد حقیقی بھائی بہن ماں کے حصّے کو کہاں سے گھٹا کر سُدُس کر دیتے ہیں؟ثُلُث

144۔ قرآن میں مقرّر حصّوں کو کتنی انواع میں تقسیم کیا گیاہے؟2

145۔ قرآن میں مقرّر حصّوں کی پہلی نوع میں کتنے حصّے ہیں؟3

146۔ قرآن میں مقرّر حصّوں کی پہلی نوع میں کونسے حصّے ہیں؟نصف، رُبُع، ثُمُن

147۔ قرآن میں مقرّر حصّوں کی دوسری نوع میں کتنے حصّے ہیں؟3

148۔نصف کا مَخرَج کتنا آئے گا؟2

149۔ قرآن میں مقرّر حصّوں کی دوسری نوع میں کونسے حصّے ہیں؟ثُلُثان ثُلُث، سُدُس

150۔نوعِ اوّل کا نصف نوعِ ثانی کے بعض یا کل کیساتھ آئے تو مسئلہ کس سے ہو گا؟6

151۔نوعِ اوّل کا رُبُع نوعِ ثانی کے بعض یا کل کیساتھ آئے تو مسئلہ کس سے ہو گا؟12

152۔نوعِ اوّل کا ثُمُن نوعِ ثانی کے بعض یا کل کیساتھ آئے تو مسئلہ کس سے ہو گا؟24

153۔ تعریفِ عَول؟ جب مَخرَج وُرَثا کے حصّوں سے تنگ ہو جائے تو اجزاءِ مَخرَج میں سے کچھ اس پر بڑھا دیا جائے۔

154۔ کل مَخارِج کتنے ہیں؟7

155۔ کتنے مَخارِج کا کبھی عَول نہیں آتا؟4

156۔ کونسے مَخارِج کا کبھی عَول نہیں آتا؟2،3،4،8

157۔ کتنے مَخارِج کا عَول آسکتا ہے؟3

158۔ کونسے مَخارِج کا عَول آسکتا ہے؟6،12،24

159۔ چھے کا کہاں تک عَول ہو سکتا ہے؟10 تک

160۔ بارہ کا کہاں تک عَول ہو سکتا ہے؟17 تک

161۔ جو مسئلہ 12 سے بنا ہو تو 17 تک کتنے عدد عَول نہیں ہو سکتے؟2

162۔ جو مسئلہ 12 سے بنا ہو تو 17 تک کونسے عدد عَول نہیں ہو سکتے؟14 یا 16

163۔ جو مسئلہ 24 سے بنا ہو تو 27 تک کتنے عدد عَول نہیں ہو سکتے؟2

164۔ جو مسئلہ 24 سے بنا ہو تو اسکا عَول کتنا آئے گا؟ صرف 27

165۔ وُرَثا میں ماں، باپ، 1 زوجہ، 2 بیٹیاں ہیں تو اس مسئلے کا نام کیا ہے؟ مسئلۂ مِنبَریّہ

166۔ مسئلۂ مِنبَریّہ کس نے حل کیا؟ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے

167۔ مسئلۂ مِنبَریّہ کی وجہ تسمیہ؟ کیونکہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے کوفہ کی جامع مسجد کے مِنبَر پر اسکا جواب دیا تھا

168۔ ابنِ مسعود رضی اللہ عنہ کے ہاں 24 کا عَول کہاں تک آسکتا ہے؟31

169۔اگر 2عدد برابر ہوں تو اسے کیا کہتے ہیں؟مَساوِی

170۔اگر چھوٹا عدد بڑے عدد کو مٹا دے تو اسے کیا کہتے ہیں؟تداخُل

171۔ تین اور نَو کے مابین کونسی نسبت ہے؟تداخُل

172۔اگر چھوٹا عدد بڑے عدد کو نہ مٹائے بلکہ کوئی تیسرا ان دونوں کو مٹا دے تو اسے کیا کہتے ہیں؟توافُق

173۔ آٹھ اور بیس آپس میں کیا ہیں؟متوافِقان بالربع

174۔توافُق میں کونسا عدد معتبر ہے؟بڑے سے بڑا عدد

175۔اگر چھوٹا عدد بڑے عدد کو نہ مٹائے اور نہ ہی کوئی تیسرا ان دونوں کو مٹائے تو اسے کیا کہتے ہیں؟تبایُن

176۔دو میں کونسا توافُق ہے؟توافُق بالنّصف

177۔ کس عدد کے بعد اُسی عدد کے جزء کیساتھ توافُق ہو گا؟10

178۔ تصحیح کے کل کتنے قواعد ہیں؟7

179۔ تصحیح کے کتنے قواعد وُرَثا اور حصّے کے درمیان ہوتے ہیں؟3

180۔ تصحیح کے کتنے قواعد وُرَثا اور دیگر وُرَثا کے درمیان ہوتے ہیں؟4